اسفند یار خان مدظلہ اور جمعیت کے مرکزی ڈپٹی سیکرٹری مفتی محمد عثمان یار خان نے دی تھی۔ آپ نے حضرت مولانا مدظلہ کے چھوٹے فرزند جناب اجمل یار خان کی دعوت ولیمہ میں شرکت کی۔ (آپ کے ہمراہ مدیر الحق مولانا راشد الحق اور مولانا سید یوسف شاہ بھی تھے) دعوت ولیمہ میں سندھ بھر اور خصوصاً کراچی کے اکثر علماء مدارس کے مہتممین اور جماعتی احباب کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ آپ نے اس موقع پر دعوت ولیمہ کے شرکاء سے مختصر خطاب بھی فرمایا۔ دوسرے روز آپ نے جامعہ دارالخیر میں منعقدہ آل پارٹیز ''دفاع اسلام واستحکام پاکستان کانفرنس'' کی صدارت بھی فرمائی۔ جس میں سندھ کی تمام چھوٹی بڑی سیاسی اور مذہبی جماعتوں کے اہم نمائندوں نے بھرپور طور پر شرکت کی۔ آپ نے خطاب میں موجودہ ملکی نازک صورتحال اور پیش آمدہ حالات و واقعات کے بارے میں اپنے مفصل خطاب میں تفصیلی روشنی ڈالی۔ تیسرے روز آپ نے حضرت مولانا قاری عبدالسنان صاحب مدظلہ کے مدرسہ میں جمعیت کے منعقدہ اہم اجلاس میں شرکت فرمائی اور جمعیت کی تنظیم سازی اور دیگر متعلقہ امور پر تفصیلی اجلاس کی صدارت کی۔ شام میں آپ پاکستان اور کراچی کے اہم اور عظیم علمی و تحقیقی دینی درسگاہ جامعۃ الرشید تشریف لے گئے اور وہاں پر اساتذہ وطلباء کرام سے تفصیلی علمی نشست کی۔ وہاں کے مہتمم حضرت مولانا مفتی عبدالرحیم مدظلہ نے جامعہ کے مختلف شعبہ جات کے متعلق انہیں تفصیلی آگاہ کیا اور کئی اہم علمی مسائل پر آپ سے سیر حاصل گفتگو کی۔

نائب مہتمم حضرت مولانا انوار الحق صاحب مدظلہ کی مصروفیات:

تعلیمی سال کے اختتام جمادی الاخری کے نصف آخیر اور رجب کے ابتداء میں اسباق میں تیزی آنے کے ساتھ دینی مدارس خصوصاً فضلائے حقانیہ کے درسگاہوں میں ختم بخاری شریف و دستار بندی کے سلسلے بھی زور پکڑ لیتے ہیں جن میں علماء وفضلاء اپنے مادر علمی کے شیوخ و اساتذہ کی شرکت کو اپنے اور ادارہ کے لئے سعادت کا باعث سمجھتے ہیں اس خواہش کے پیش نظر شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد انوار الحق جو اسباق میں ناغہ کو پسند ہی نہیں کرتے مگر بامر مجبوری اس دوران اسباق کے ساتھ ساتھ 20 جون جامعہ محمدیہ ٹوپی' 26 جون بعد از عشاء جامعہ پلوسی پشاور' 27 جون مدرسہ حفظ القرآن سواتی پھاٹک پشاور' 29 جون صبح جامعہ دارالھدیٰ اسلام آباد' 29 جون بعد عشاء جامعہ حلیمیہ پیز' 30 جون بعد ظہر جامعہ ورانہ کرک بعد عشاء دارالعلوم اسلامیہ لکی مروت' یکم جولائی جامعہ عثمانیہ لکی مروت 4 جولائی صبح دارالعلوم اسلامیہ بارہ گیٹ پشاور بعد عصر جامعہ سلمان فارسی حیات آباد اور جامعہ فاروقیہ حیات آباد کے اجتماعات میں شرکت کر کے سامعین کو اپنے مواعظ وخیالات سے مستفید فرمایا۔ بلوچستان کے ضلع ژوب' لورالائی اور قلعہ سیف اللہ کے فضلاء کی دعوت پر شرکت کے ارادہ کے باوجود مصروفیات کی وجہ سے حاضری سے معذرت کرنا پڑی۔